
# اقوال حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

<"xml encoding="UTF-8?>




اقوال حضرت امام محمد باقرعلیہ السلام

(۱) قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: انا اھل بیت امرنا ان نطعم الطعام و نودی فی الناس البائنۃ و نصلی اذا نام الناس (۱)

ترجمہ: حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں : " ہم اھل بیت اس بات پر مامور ہیں کہ لوگوں کوشکم سیر کریں اور انکے درمیان بخشش کریں اور جب لوگ سو جائیں تو نماز قائم کریں ۔

(۲)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: مامن شئی احب الی اللّٰہ من عمل یداوم علیہ وان قل(۲)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقرعلیہ السلام فرماتے ہیں : محبوب ترین چیز خدا کے نزدیک وہ کام ہے جس کا سلسلہ جاری ھو اگر چہ وہ چھوٹا ہی کیوں نہ ھو ۔

(۳)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: ان اکمل المومنین ایمانا احسنھم خلقا (۳)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: مومنین میں کامل ترین ایمان اسکا ہے جس کا اخلاق بہتر ہے۔

(۴)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: ان لکل شئی قفلا و قفل الایمان الرفق (۴)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں :ہر شئی کے لئے ایک قفل ہے اور ایمان کا قفل نرمی ہے ۔

(۵) قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: صلۃ الارحام تحسن الخلق،و تسمح الکف،و تطیب النفس،و تزید فی الرزق و تنسئی الاجل(۵)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: صلۂ رحم انسان کے حسین اور ہاتھوں کے کشادہ ، روح

کے پاکیزہ ھونے، روزی میں اضافہ اورموت میں تاخیر کا سبب ہے ۔

(۶)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: اعجل الخیر ثوابا صلة الرحم (۶)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں :

صلہ رحم ایک ایسی چیز ہے جسکا ثواب انجام دینے والے تک تمام اعمال خیر سے پہلے پھونچتا ہے ۔

(۷)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: انما قصت الاظفار لانھا مقیل الشیطان (۷)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں : ناخن اسلئے کاٹے جاتے ہیں کہ وہ شیطان کی خواب گاہ ہے ۔

(۸)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام: ان ھذا الغضب جمرة من الشیطان توقد فی قلب ا بن آدم (۸)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں :غیض و غضب آگ کا ایک شعلہ ہے جو شیطان کی طرف سے انسان کے دل میں بھڑکتا ہے ۔

(۹)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:ثلاث قاصمات الظھر : رجل استکثر عملہ و نسئی ذنوبہ و اعجب برأ یہ (۹)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: تین چیزیں انسان کی کمر توڑ دیتی ہیں: ایک وہ آدمی جو اپنے عمل خیر کو زیادہ شمار کرے ، دوسرا وہ آدمی جو اپنے گناھوں کو بھول جائے تیسرا وہ شخص جو استبداد رائے رکھتا ہے ۔

(۱۰)قال الامام محمدالباقرعلیہ السلام:ان اصحاب جدی الحسین لم یجد وا الم مس الحد ید (۱۰)

ترجمہ:حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں :ہمارے جدّ امام حسینؑ کے جاں نثار اصحاب نے دشمنوں کی شمشیرو نیزہ کے نیچے بھی درد کا احساس نہیں کیا تھا ۔

حوالہ


۱۔ کافی ج ۴ ص ۵۰ ح۴

۲۔ اصول کافی ج ۲ ص

۳۔ وسائل الشیعہ ج ۸ ص ۵۰٦

۴۔ بحار ج ۷۵ ص ۵۵

۵۔اصول کافی ج ۲ ص۱۵۲

۶۔ اصول کافی ج ۲ ص ۱۵۲

۷۔ مکارم الاخلاق ص ۷۲

۸۔ بحار ج ۷۳ ص ۲۷۸

۹۔وسائل الشیعہ ج ۱ ص۷۳

۱۰۔ بحار ج ۴۵ ص